هوالشافی



معاونِ ہومیوپیتھی



ندیم احمد فرخ

(معلم سلسلہ وہومیوڈاکٹر)

انتساب

حضرت خلیفہ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے نام جنہوں نے ہومیو پیتھی کے طریقہ علاج میں ایک نئی روح پھونکی۔

وقف جدید نظامت ارشاد کے نام جس کی وجہ سے ہومیو پیتھی کا فیضان تھرپار کر کے تپتے صحراؤں سے گلگت بلتستان کے برف پوش پہاڑوں تک پاکستان کے شہروں قصبوں، دیہاتوں، وادیوں، میں عام ہوا۔

اپنے محترم اساتذہ کے نام جن کی محبت و پیار اور راہنمائی ہمیشہ میرے شامل حال رہی۔

اپنی والدہ محترمہ اور والد محترم کے نام جنہوں نے ہر قدم پر میرے لئے دعائیں کیں۔

انڈیکس

معاون

ہومیوپیتھی

ندیم احمد فرخ

معلم سلسلہ وہومیو ڈاکٹر

(DHMS,RHMP)

ابتدائیہ

ہومیوپیتھی طریقہ علاج کی اہمیت سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا اور یہ طریقہ اعلاج دن بدن ترقی کر رہاہے سینکڑوں ادویات تیار کی جا چکی ہیں مینے ان صفحات میں ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں معاونت کے لئے طبی علم کے سمندر سے چند قطرات رکھے ہیں جو بلاشبہ کسی کے علم کی پیاس نہیں بجھا سکتے مگر کسی حد تک معاونت ضرور کر سکتے ہیں۔خاکسار نے اس مسودہ کی تیاری میں بہت ساری کتب اور تحریرات سے استفادہ کیا ہے خدا تعالی ان لکھنے والوں کو جزاء دے جنھوں نے اپنی ساری زندگی کی محنتوں اور تجربات کو چند صفحات میں اپنی کتب اور تحریرات کی صورت میں اکٹھا کردیا ہے۔اگر یہ معلومات خدمت خلق کے کاموں میں معاون و مددگار ہوجائیں گی تو بلاشبہ میرے لئے ایک اعزار کی بات ہو گی۔ اس مسودہ کی تیاری میں خاکسار کی اہلیہ محترمہ نے میرا بہت ساتھ دیا خدا تعالیٰ ان کو جزاء عطاء فرمائے اور آپ سب سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ میری اس حقیر کوشش کو قبول فرمائے۔(آمین)

اگراس مسودہ میں کوئی غلطی یا کمی دیکھیں تو میری کم علمی کو مد نظر رکھتے ہوئے مجھے معاف فرمادیں۔

والسلام

خاکسار


ہومیوڈاکٹر ندیم احمد فرخ

معلم سلسلہ وقف جدید

(DHMS,RHMP)

(2)ہومیو پیتھی اور بانی ہومیو پیتھی ڈاکٹر ہانیمن

ہومیو پیتھی طریقہ علاج دنیا میں دن بدن بہت مقبول ہو رہا ہے۔ یہ ایک ایسا طریقہ علاج ہے جسے علاج بالمثل کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے اور یہ طریقہ علاج ایک منظم طریقہ علاج ہے جو کہ جسم میں موجود خود ساختہ طاقت Self Healing Power جسے ہم "وائیٹل فورس" بھی کہتے ہیں۔ یہ طریقہ علاج اس قوت کو متحرک کرتا ہے انفرادیت کی بنیاد پر دی جانے والی ادویات کی طاقت بڑھی ہوئی ہوتی ہے اس میں مادی قوت بہت قلیل مقدار میں پائی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اسے حاد، مزمن امراض میں بہت مؤثر و مفید طریقہ اعلاج مانا جاتا ہے خاص طور پر مزمن امراض میں ہومیو پیتھی سے کامیابی کے ساتھ استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔ لفظ" ہومیو پیتھی'' دراصل دو یونانی الفاظ کا مجموعہ ہے Hmeo کے معنی مشابہہ یا یکساں کے ہیں اور Pathos کے معنی عارضہ یا بیماری کے ہیں، آسانی کے لئے ہم یوں کہہ سکتے ہیں "علاج بالمثل."



ہومیو پیتھی کے موجد کا نام سیموئل کرسچن فرائیڈرک ہانیمن(Samuel Christian Friedrich Hanneman) ہے ڈاکٹر ہانیمن 10 اپریل 1755 کو جرمنی کے قصبہ Meissen میں Saxony میں پیدا ہوئے۔ ڈاکٹر ہانیمن کے والد اسی قصبہ

میں واقع ایک چینی کے برتن بنانے کی صنعت سے وابستہ تھے۔ گرامر سکول سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نےMeissenمیںPrince's school Of St.Afra میں تعلیم حاصل کی۔

"اسے (ڈاکٹر ہانیمن) زبانیں سیکھنے کا بڑا شوق تھا چنانچہ اس نے آٹھ زبانوں پر عبور حاصل کیا اور ابھی اس کی عمر صرف 12 سال کی تھی کہ اس نے یونانی(Greek) زبان پڑھی شروع کر دی اور اس طرح چھوٹی عمر میں ہی زبانوں کو استاد بن گیا"

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابعؒ صفحہ نمبر2)

1775 کے اوائل میں ہانیمن نے Meissen سے Leipzig کا سفر طے کیا اور Leipzig یونیورسٹی میں دن کو لیکچر لیتے اور رات کو ذریعہ معاش کے طور پر مختلف کتب کو انگلش سے جرمن زبان میں ترجمہ کرتے رہے۔ Leipzig میں چونکہ پریکٹس آف میڈیسن کے مواقع نہ تھے اس لئے 1777 میں ہانیمن کو Vienna منتقل ہونا پڑا۔ دو سال میں انھوں نے میڈیکل ٹریننگ مکمل کی اور 1779 میں گریجویشن کے لئے یونیورسٹی آف ارلنجن (University Of Erlangen Germany) چلے گئے جہاں 24 سال کی عمر میں ہانیمن نے اپنا Thesis (تحقیقی مقالہ) پیش کیا۔ جس پر انہیں M.D ڈگری آف میڈیسن کا ایواڈ دیا گیا۔ 1980 میں ہانیمن Mansfield کے ایک قصبے Hettstedt چلے گئے مگر یہاں پر نا تو مناسب نوکری ملی اور نا ہی ذہنی طور پر مطمئن ہو سکے اس کی وجہ سے صرف 9 ماہ کے بعد 1781 میں Dessau چلے گئے یہاں پر ہانیمن کی دلچسپی کیمسٹری میں بڑی اور وہ ایک قابل کیمسٹ مانے گئے۔

ڈاکٹر ہانیمن اس زمانے کی پریکٹس کے طریقوں سے غیر مطمئن تھے کیوں کہ سائنس اسوقت اپنی ابتدائی حالت میں تھی سائنسی فروغ جو کیمیاء، طبیعات، فزیالوجی، علم الابدان، طب کے کلینکل پریکٹس کے شعبوں میں دیکھا جائے شروع کیا گیا تھا۔ سائنسی تحقیق نا ہونے کے باعث لوگ وہم اور وسوسوں کا شکار تھے اس کے علاوہ اس زمانے میں جلاب آور ادویات، حجامہ یا قے آور چیزوں سے اعلاج کیا جاتا تھا جو کہ اکثر و بیشتر جان لیوا ثابت ہوتی تھیں، اس وجہ سے ہانیمن اس زمانہ کے طبعی طریقوں سے سخت نالاں تھے اور اس پر انہوں نے اپنی بہت سی پر جوش تحریریں لکھی ہیں، جن میں سنکھیا کے زہریلے اثرات، خفقان، صحت اور نفسیاتی اعلاج سر فہرست ہیں۔

1781 میں انہوں نے ایک فارمیسی میں عملی فارماسیوٹیکل تربیت شروع کی جس کا نام (Meohren Apotheke) تھا ایک سال بعد انہوں نے (Leopoldine Henriette Kuchler) سے شادی کی جس سے ان کے 11 بچے ہوئے۔

”چونکہ پریکٹس کے دوران یہ غریبوں پر بہت احسان کرتا تھا۔ اس لئے اس کی آمد زیادہ نہیں تھی لہذہ اس نے پریکٹس کے ساتھ ساتھ زبانوں کے ترجمے کا کام بھی جاری رکھا“

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابع صفحہ نمبر 3)

ہانیمن کی زندگی میں فیصلہ کن موڑ 1790 میں آیا جب وہ Scotsman William Cullen کی کتاب Materia Medica کا ترجمہ کررہے تھے، جس میں Dr.Cullen نے کونین کے معالجاتی اثر کے بارے میں لکھا تھا کہ اس کی کڑواہٹ اور تیز اثر کے باعث یہ معدہ پر اثرات مرتب کرتی ہے اور ملیریا سے تحفظ فراہم کرتی ہے، ہانیمن اس بات سے متفق نا ہوئے اور انہوں نے تجربات کئے اور ترجمہ میں ایک جرأت مندانہ حاشیہ تحریر کیا جس میں انہوں نے پورے دعوی سے لکھا کہ تمام ایسے مرکبات جو سخت کڑواہٹ اور تیز اثر کی خاصیت کے حامل ہوں کم مقداروں میں ان کی چھال سے بھی زیادہ پر اثر ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر ہانیمن نے کونین کھانا شروع کی، جس سے ملیریا کی علامات پیدا ہوئیں، شبہات دور ہوئے کہ کونین صرف ملیریا کی علامات پیدا کرسکتی ہے اور اس کی تصدیق ہوگئی کہ ان مریضوں میں جو ملیریا میں مبتلاء ہوں علامات دور کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ اور یہ اس تحقیق میں سرگرداں ہوگئے کہ دوا کیسے کام کرتی ہے اور اپنے ہم اثر معالجین اور افراد خانہ پر آزمائش کے نتیجہ میں وہ اس بات پر متفق ہوئے کہ ادویاتی مادے جو بیماری کی علامات پیدا کرتے ہیں وہ بیمار فرد میں ان علامات کو دور کرنے کا باعث بھی ہوتے ہیں۔ اس نئے اصول کی دریافت کے بعد ہانیمن نے خود اپنے اوپر اور اپنے ہم عصر معالجین پر مختلف زہریلے اور ادویاتی تجربات کئے اور ہر بار یہی نتیجہ سامنے آیا۔

”ایلوپیتھک ڈاکٹر بننے کے گیارہ سال بعد اس نے ہومیو پیتھک طریقہ علاج دریافت کیا 6 سال زیادہ تر اپنے اوپر اور اپنے قریبی عزیزوں پر تجربے کرتا رہا“

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابع صفحہ نمبر 3)

1796 انھوں نے اپنے مضمون Essay On a New Principle For Ascertaining The Curative Power Of Drugs میں اس اصول کو حتمی طور پر لوگوں کے سامنے ظاہر کیا یہی وجہ ہے کہ 1796 کو ہومیو پیتھی کی پیدائش کا سال کہا جاتا ہے اس کے بعد ہومیو پیتھی کی بنیاد اس لاطینی جملے اور مرکزی اصول پر رکھی گئی کہ ”مثل کا علاج بالمثل سے کیجئے“

یہ قانون جو Hippocrates کے زمانے سے موجود ہے جنہیں بابائے طب کہا جاتا ہے اور اصل مرض کو جسم سے باہر پھینکتی ہے اس کے بعد قوت حیات کو اس قابل کرتی ہے کہ کوئی بیماری اس جسم پر حملہ آور نا ہو سکے اور مریض کو مکمل شفاء فراہم کی جا سکے۔

تاہم 1810 میں ہانیمن نے اپنی کتاب Organon Of Rational Healing شائع کروائی جو انکے تجربات و مشاہدات کا نچوڑ ہے جس کو انہوں نے احسن طریق پر ہومیو پیتھی کے اصولوں، ادویات کے متعلق معلومات اور حفظان صحت کے اصولوں کا ذخیرہ بنایا۔ 1811 میں ڈاکٹر ہانیمن Leipzig پہنچے اور لیکچرر شپ اختیار کی 1821-1811 کے دوران ایک کتاب Doctrine Of Pure Medicine کے چھ والیوم شائع ہو چکے تھے جس میں اس وقت تک کی حاصل کردہ سر تا پیر کی علامات درج کی گئی تھیں۔ ہانیمن نے دریافت کیا کہ بعض ایسی اشیاء جو اپنی اصل حالت میں ہوتی ہیں ان کو پوٹنٹائز حالت میں استعمال کرنی چاہیے کیوں کہ خام حالت میں شدت بیدا کرتی ہیں اس لئے ایسے مادوں کو Dilution حالت میں استعمال کرنا چاہیے۔

ڈاکٹر ہانیمن کے Dilution کے اصول سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دوا کی مادی خوراک جتنی کم ہو گی اس کا اثر اتنا ہی قوی ہو گا۔ چونکہ ہومیو پیتھی میں ادویات کو خام (Q) شدہ حالت میں استعمال کیا جاتا ہے اس لئے اس کا ایک خاص طریقہ کار ہے جسکو ہم Potnentisation بھی کہتے ہیں جہاں ادویاتی مادوں کو بتدریج کم کرتے ہوئے ان کی شفایابی کی صلاحیت کو اجاگر کیا جاتا ہے اس طرح ان کے اندر چھپے ہوئے خواص ظاہر ہو جاتے ہیں۔

"اس وقت کے تمام معالجین نے اس کی سخت مخالفت شروع کر دی 1820 میں مخالفین کے دباؤ کے نتیجہ میں حکومت نے اس کے طریقہ اعلاج کو غیر قانونی قرار دے کر اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ کیا لیکن پہلے اس سے کہ اس فیصلے پر عمل درآمد ہوتا اس نے آسٹریا کے شہزادہ کارل شوازن برگ Karl Schwazenberg کو Leipzig بلا کر کامیابی سے اس کا اعلاج کیا پرنس کو اس اعلاج سے اتنا فائدہ پہنچا کہ اس نے آسٹریا کے King Friedrich سے درخواست کی کہ ہومیو پیتھی کے خلاف ہر پابندی کو ختم کر دیا جائے اور آئندہ بھی کوئی پابندی نا لگائی جائے مگر ہانیمن کی بدقسمتی سے یہی شہزادہ ٹھیک ہونے پر فوراً عیاشی اور شراب نوشی میں مبتلاء ہو گیا اور اسی سال پھر بیمار پڑا تو ایلو پیتھک اعلاج شروع کیا لیکن تھوڑی مدت میں ہی دم توڑ گیا اس کا سارا الزام آسٹریا کی حکومت نے ہانیمن پر تھوپ دیا۔ اس کا رعایا پر ایسا سخت رد عمل کہ اس کی ساری کتابیں جگہ جگہ

جلائی جانے لگیں اور ہانیمن کو اس ملک سے فرار ہو کر کوتھن Kothen میں پناہ لینا پڑی یہاں ڈیوک آف کوتھن (Duke of Kothen) نے اس کی سرپرستی کی۔"

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابع صفحہ نمبر 3)

1821 میں ڈاکٹر ہانیمن 66 سال کی عمر میں (Kothen) پہنچے جہاں Duke Ferdinand Of Anhalt –Kothen کے معالج کے طور پر مقرر ہوئے اور کامیابی کے ساتھ یہاں پریکٹس کرتے رہے اور اپنی توجہ پریکٹس پر مرتکز کر دی۔

"وہ چودہ سال کوتھن میں رہا اور اس عرصہ میں مزمن بیماریوں پر گہرا تحقیقی کام کیا"

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابع صفحہ نمبر 3)

1828 میں ڈاکٹر ہانیمن نے اپنی کتاب Chronic Desease کے نام سے شائع کروائی جو کہ پانچ جلدوں پر مشتمل تھی جن میں سے 3 حصے Chronically Progressing Pathalogical Units With Their Symptoms and the relevant پر مشتمل تھے 10 مئی 1829 کو Kothen میں ایک فیسٹول منعقد ہوا اس دن ڈاکٹر ہانیمن نے باضابطہ طور پر ہومیو پیتھک سوسائٹی Central Society of Germany Homeopathy کی بنیاد رکھی 31 مارچ 1830 کو ہانیمن کی پہلی بیوی 4 ہفتوں تک تیز بخار کے ساتھ Bronchitis کا شکار ہونے کے بعد 67 سال کی عمر میں وفات پا گئی۔ اکتوبر 1934 میں Marie Melanie D' Hervilly جس کا تعلق پیرس سے تھا اور عمر 30 سال تھی، ہانیمن کی شہرت کے باعث ان سے ملنے Kothen پہنچی، ہانیمن ان کے ساتھ پیرس منتقل ہو گئے جہاں ایک سرکاری رکن N.Guzat کی مدد سے ان کو فرانس میں ہومیو پیتھی کی پریکٹس کی اجازت مل گئی۔ 1835 میں ہانیمن نے Marie Melanie D' Hervilly سے خفیہ طور پر شادی کر لی اور لوگوں کو اس کا علم بعد میں ہوا۔ ہانیمن کی اس بیوی کا تعلق فرانس سے تھا اور پھر وہ فرانس منتقل ہو گیا۔

" 1835 سے لیکر 1943 یعنی اپنی وفات تک یہ فرانس میں رہ کر ہومیو پیتھی کی پریکٹس کرتا رہا۔ 1835 وہی سال ہے جس میں جماعت احمدیہ کے بانی حضرت مرزا غلام احمد پیدا ہوئے"

(دیباچہ ہومیو پیتھی علاج بالمثل از حضرت خلیفہ المسیح الرابع صفحہ نمبر 4)

ہانیمن نے اپنی زندگی کے آخری سالوں میں آر گینن اور ہیلنگOrganon Of Healing کو دوبارہ مرتب کیا، لیکن یہ چھٹا ایڈیشن ان کی زندگی میں شائع نا ہو سکا اور وہ 2جولائی 1843 کو 88 سال کی عمر میں اس دنیائے فانی سے کوچ کر گئے، اگر 1839 میں جائیں تو ساؤتھ ایشیاء میں ڈاکٹر مارٹن جو ہانیمن کا شاگرد تھا اس نے ایک مہاراجہ کو شفایاب کیا اور جلد ہی پورے ساؤتھ ایشیاء میں ہومیو پیتھی پھیل گئی اور بہت سے ہومیو پیتھک اسکول اور کلینک قائم ہوئے اس طرح ساؤتھ ایشیاء ہومیو پیتھی کا ایک بہت بڑا قلعہ بن گیا۔ آجتک ہومیو پیتھی جدید طب میں ایک اہم کردار ادا کرتی آئی ہے، ہومیو پیتھی کے حوالہ سے تحقیقات اور دریافت آج بھی بہت اہمیت کی حامل ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس میں مزید کوششیں جاری و ساری ہیں۔ بیشتر اسکول اور ہومیو پیتھی کے دوسرے فورم اس کی ترقی کی راہ میں بھرپور محنت سے ہانیمن کے نظریات کی ترجمانی کر رہے ہیں۔

(روزنامہ الفضل مؤرخہ 2جنوری 2015صفحہ نمبر6-5 مضمون نگار: ندیم احمد فرخ)

(3) مختصر میٹریا میڈیکا

اس باب میں کوشش کی گئی ہے کہ روزمرہ استعمال میں آنے والی ادویات کے متعلق بطور خلاصہ ان ادویات کی مرکزی علامت اور مختصر وہ خصوصیت جس کی نسبت سے یہ دوا مشہور ہے وہ درج کر دی جائے جو کہ دوائی کے خواص میں سے ایک معمولی نقطہ ہے مطلوبہ دوائی کی باقی تفصیل کسی بھی میٹریا میڈیکا سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے اس باب میں 547 ادویات کے متعلق بیان کیا گیا ہے۔ اور ادویات کے ناموں کو انگلش میں حروف تہجی کے لحاظ سے لکھا گیا ہے تاکہ دوائی ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔

S.No	Name	استعمال
1	Ambra Grisea	نروس پن کی اہم دوا، کام کی زیادتی یا بڑھاپے کی وجہ سے کمزوری کو دور کرتی ہے اور مخصوص ہسٹیریکل علامات، اعصابی ٹانک
2	Abrotanum	بچوں کا سوکھا پن جو ٹانگوں کی طرف سے شروع ہو گا اور ایک مرض کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا اسہال کے بند ہونے سے جوڑوں کا درد
3	Absinthium (Artemisia)	مرگی کے دوروں کی اہم دوا ہے
4	Acetic Acid	شدید جلن دار پیاس اور پیشاب کا بکثرت آنا
5	Acid Phos	دماغی کمزوری ایسے افراد کے لئے جو جنسی عمل کی زیادتی یا کسی شدید مرض کی وجہ سے ہو، دکھ، غم، تکلیف اور مایوسی کے باعث ضعف باہ کا شکار ہو جائیں
6	Aconitum Napellus	نزاع کی سی حالت جبکہ سرد چہرے پر پژمردگی اور بے چینی ہو فوراً آنے والے امراض موت کا خوف۔ شدید گھبراہٹ، تقریباً ہر مرض اس دوا کو شروع میں طلب کرتا ہے معمولی تکالیف مثلاً زکام اور آنکھ کی سوزش وغیرہ میں دماغی علامات شدید یا بلکل نہیں ہوں گی . اور خوف کی کیفیت کا ہر وقت طاری رہنا
7	Adlumia Fungosa	یرقان، درد شقیقہ، گاؤٹ اور مردوں میں سرعت انزال کی شکایات
8	Adonis Vernalis	دل کے افعال میں خرابی، دل کے غلاف کی سوزش، دل کا تیز دھڑکنا
9	Aesculus Hippocastanum	بواسیری مسے جس کے ساتھ کمر کے نچلے حصہ میں درد ہو اور چوتڑوں کی مسلسل درد جس کی وجہ سے چلنے پھرنے کے دوران درد میں اضافہ ہو
10	Aethusa	دودھ پینے والے بچوں کی موسم گرما کی قے اور ہیضہ جبکہ انتہائی کمزوری اور بے چینی تو موجود ہو مگر پیاس نا ہو

11	Agaricus Albus	دست کے ساتھ بدہضمی بے حوصلگی، دماغی معذوری۔
12	Agaricus Muscarius	غیر اختیاری حرکات، سردی سے تمام علامات کا بڑھنا اور برفانی سوزش ہیں
13	Agnus Castus	قوت باہ بلخصوص عمر رسیدہ افراد کے لئے، عورتوں میں ہارمون کی کمی، پرانے پاپیوں کی مکمل نا مردی اور سوزاک کے بد اثرات, آلات تناسل ڈھیلا اور کمزور، مباشرت کی خواہش کا نہ ہونا اور مواد کا اخراج ہونا
14	Agrimonia Eupatoria	مثانے کا نزلہ، نالیوں کی سوجن اور درد وغیرہ
15	Alchemilla Vulgris	پیشاب کی تکلیف، ورم، سوزش، حیض کی زیادتی، پرانی پیچش، اسہال
16	Alfa Alfa	خون کی کمی، سبز بھس، سوکھاپن، جسمانی نشو نما اور وزن میں اضافہ کرتی ہے پیشاب آور بھی ہے . بھوک میں اضافہ کرتی ہے اور ہاضمہ کو مضبوط کرتی ہے بخار کے بعد میں صحت کی بحالی کے لئے معاون ہے اور دودھ پلانے والی عورتوں کے لئے نہایت مفید دوا ہے شوگر کا پیشاب میں اخراج ہو تو بہت مفید ہے
17	Allanthus	مختلف امراض میں خون کا زہریلا ہو جانا جس کی وجہ سے شروع مرض سے ہی انتہائی نکاہت اور جلد وغیرہ کا نیلا پن ہیں
18	Allium Cepa	گنجاپن، پیٹ میں اپھارہ، بیک وقت ناک سے تیز ابی پانی اور آنکھوں سے سادہ پانی خارج ہونا چھینکوں کا آنا(بلعموم زکام میں)موتیابند پیشاب میں البیومن، بلڈ پریشر ہائی
19	Allium Sativum	ہائی بلڈ پریشر اور آنتوں کی انفکشن
20	Allium Ursinum	دمہ، بلڈ پریشر، خون کی نالیوں کو نرم کرنے کے لئے
21	Aloe	ایسی پیچش جس میں پاخانہ کے ساتھ آؤں اور خون کا اخراج ہو اور اس قدر شدت سے آئے کہ پاجامہ میں ہی نکل جائے
22	Althaea Officinalis	گلے کے جملہ امراض، مثانہ ونالیوں کی سوجن، شرم گاہ کی سوجن اور درد آور پیشاب
23	Alumen	پتھر کی مانند سخت پاخانہ مفلوجانہ کمزوری اور سختی جو کینسر کا خاصہ ہے
24	Alumina	مقعد میں فالجی حالت کی وجہ سے نرم پاخانہ کے لئے بھی بہت زور لگانا پڑے
25	Ammi Visnaga	دمہ کے جملہ امراض کھانسی وغیرہ

26	Ammonium Carb	دل کی کمزوری، خشک زکام، تیزابی رطوبات، اور نہانے دھونے سے علامات کا بڑھنا ہیں
27	Ammonium Mur	کندھوں کے درمیان سردی کا احساس پٹھوں کے سکڑنے کا احساس اور بھر بھرے پاخانے ہیں
28	Amygdalum Amara	سوزش گلہ، نگلنے میں تکالیف
29	Anacardium Orientale	کچھ کھالینے سے معدہ کی شدید تکلیف میں افاقہ اور خالی پیٹ ان میں اضافہ اور دو ضمیروں کا تصور ہیں
30	Anagallis Arvensis	خارش، گردے کے ورم اور کسی عضو میں سختی، پتے کی پتھری
31	Anatherum	سر پر گلٹی، ناک، آنکھ پر گلٹی
32	Angelica Archangelica	کھانسی، برانکائٹس، پیشاب آور آنتوں کا قولنج، چھاتی کا ورم اور جوڑوں کا درد، ماہواری کی تکالیف اور اس کی وجہ سے موٹاپا
33	Ani Sum	بچوں کے پیٹ درد کے لئے جو ہوا کی زیادتی سے ہو
34	Anserine	جوڑوں کا درد، اسہال، ماہواری کا درد
35	Anthyllis Vulneraria	پیشاب آور ہے زخموں کا مفید اعلاج بھی
36	Antiminium Crud	زبان پر سفید تہ کی موجودگی مگر کسی چیز کے کھا پی لینے سے اس کی رنگت تبدیل بھی ہو سکتی ہے مثلاً اگر چائے پی لی جائے تو سفیدی زردی میں بھی بدل سکتی ہے۔ چڑچڑا پن۔ پاؤں بے حد نازک محسوس ہوں
37	Antimonium Tart	کمزور اشخاص کے پھیپھڑوں میں مستقل کھردری خرخراہٹ بلغم کے اخراج کی بہترین دوا ہے۔ جسمانی کمزوری اور پسینے کی کثرت
38	Apis Mellifica	جلد اور کسی خاص عضو کے اندرونی ریشوں کا ورم، سوجن جیسے شہد کی مکھی نے کاٹا ہو ڈنگ دار اور جلن دار دردیں پیاس کا نا ہونا گرمی سے تمام تکالیف کا بڑھنا اور سردی سے آرام۔
39	Apocynum	پانی پڑنا اور پیاس کا ہونا جبکہ مریض کی تکالیف میں سردی سے اضافہ ہو
40	Aralia Arcemosa	شدید چھینکیں اور کھانسی میں شدت خاص طور پر رات میں
41	Arctium Lappa	پیشاب آور، جلاب آور، اور پسینہ آور ہے اور سر پر ترا ایگزیما کے سفیدی مائل جمے ہوئے چھلکوں کی تہہ میں بہترین نتائج پیدا کرتی ہے

42	Arenaria rubra	جراثیم کش نیند آور سکون آور
43	Aretris Farinose	مریض کا ہر وقت تھکا تھکا رہنا اور شدید قبض، رحم کے جملہ نقائص میں اس سے بہتر کوئی دوا نہیں، بانجھ پن کا بھی بہترین اعلاج ہے
44	Argentum Metallicum	نظام اعصاب اور کری ہڈی پر مخصوص اثر، آرام اور سردی سے تکلیفات کا بڑھنا اور اس کے برعکس چلنے پھرنے اور گرمی سے آرام آنا اور سٹینم کی مانند چھاتی میں کمزوری کا پایا جانا ہے
45	Argentum Nitricum	دماغی ڈر میٹھی اشیاء کی زبردست خواہش اور گرم مزاجی ہیں۔ گرمی برداشت سے باہر ہو۔ اعصابی خرابیاں
46	Aristolochia Clematitis	اعضاء میں سوئی چبھنے جیسے درد، انتڑیوں کا درد، مقعد کی جلن، کمر ہاتھ اور پاؤں میں درد ٹانگوں میں اکڑن کمی حیض شدید کمر درد کے ساتھ
47	Arjuna	انجائنا، دل کے امراض
48	Armoracia	کھانسی، پرانا نزلہ، زکام، انتڑیوں کی سوزش اور پیشاب کی نالیوں کی انفیکشن ناک کی جھلی میں سوجن
49	Arnica Montana	چوٹ کے بد اثرات خواہ کچھ ہی کیوں نا ہوں دکھن کا احساس، جلد پر نیلے یا سیاہ داغ ہیں اندرونی گہری چوٹیں وغیرہ۔ گندی رطوبات کا خراج
50	Arsenic Bromatum	ذیابیطس، سرطان اور غدودوں والی رسولی کے لئے مفید دوا، چہرے کے زدی کیل مہاسے اور جلدی ابھاروں کا اعلاج بھی
51	Arsenicum Album	شدید بے چینی شدید کمزوری خاص قسم کی پیاس منٹ منٹ کے بعد گھونٹ اور آدھا گھونٹ پانی پینا، گرمی سے افاقہ سردی سے زیادتی اور بدبودار اخراجات۔ زبردست ذہنی اذیت۔
52	Arsenicum Iodatum	زرد یا زردی مائل شہد کی مانند لیسدار تیزابی رطوبات (بلغم، نزلہ وغیرہ) جلن اور بھوک
53	Arsenicum sulf fla	پھلبہری میں نہایت مفید ہے، تنگی تنفس، لنگڑی کا درد، گھٹنوں کا درد کان اور سینہ میں چبھن دار دردیں
54	Artemisia Vulgaris	تشنجی کیفیت بوجہ غم، خوف وہراس جلق کی کیفیت کے باعث مرگی کے دورے
55	Arum Triphyllum	تیزابی پانی کا ناک اور منہ سے بہنا ہے
56	Asa Foetida	دموی تشنج اور گیس معدہ وغیرہ، ناک کی ہڈی کا زخم بدبودار ریاح جو معدہ سے اوپر کو اٹھیں اور ہڈیوں کے پر حس آتشی زخم
57	Asarum Europoeum	ململ، ریشم، کاغذ وغیرہ پر کھرچنے کی آواز حتی کے اس کا تصور تک ناقابل برداشت ہونا

58	Asperula Odorate	معدہ میں تکالیف، اینٹھن درد اور بے سکونی
59	Aspidiosperma	کارڈیک استھما کے لئے بہترین دوا ہے,خون میں آکسیجن کی کمی کو پورا کرتی ہے یوریا کی مقدار میں اضافہ کرتی ہے معمولی کام سے بھی دمی کا دورہ ہو جاتا ہے
60	Asterias Rubens	اعصابی درد قومہ، رعشہ، ہسٹیریا علامات اور چھاتی کا کینسر
61	Aswagandha	اعصابی نظام اور یادداشت کی بہتری کے لئے، بہترین جنسی ٹانک
62	Aurum Metallicum	خودکشی کا خیال جو تمام تکالیف میں حاظر ہو
63	Aurum muriaticum	رکے ہوئے یا دبے ہوئے اخراج کو بحال کرتی ہے، حیض آنے کے دن نا ہوں اور بچہ دانی سے خون جاری ہو جائے تو، زبان چمڑے کی طرح خشک، معدہ میں کھچاؤ کا احساس۔
64	Avena Sativa	شدید اعصابی کمزوری، رعشہ، بے خوابی بے چینی، دماغی تھکاوٹ، خون پیدا کرتا ہے، فالج اور مرگی میں معاون مردوں میں جنسی کمزوری، بے خوابی اور شراب کی شدید خواہش، عورتوں میں حیض کے دنوں میں دردوں کا ہونا
65	Ayahuasca	شہوت انگیز
66	Bacillinum	کھانسنے سے بلغم کا کم نکلنا،، پھیپھڑوں کو طاقت دینے کے لئے بہترین دوا، رات کو دم گھٹنے کے دورے۔ دانتوں پر جمے میل کے لئے مفید، بار بار زکام ہونا درد، بد ہضمی، پیچش، اعصابی دباؤ، تشنج کے دورے، مرگی اور متلی، رعشہ۔
67	Badiaga	رانوں کے درمیان پیدا ہونے والی غدودیں، غم کی شدت سے دل کی دھڑکن، سر درد، کالی کھانسی، سر کی خشکی، چھائیاں وغیرہ
68	Baptisia Tinct	بخار کے ساتھ بدبودار پاخانہ، زبان میلی اور بدبودار تنفس اور شدید سر درد دماغ کی ہذیانی کیفیت۔ پٹھوں میں زبردست دکھن۔ ٹائیفائیڈ میں مفید ہے شیر خوار بچوں میں حلق کی سوزش گلے میں بدبودار رطوبت کی موجودگی کو ہلے اور کمر، ٹانگوں میں درد
69	Bardana	سوزاک، پھوڑے، بدہضمی، سیرم میں گلائسن کی زیادتی، جراثیم کش، اور انتہائی شہوت انگیز
70	Baryta Carb	بچوں اور بوڑھوں کی دماغی اور جسمانی کمزوریوں اور گلوں لوزتیں کا بڑھنا
71	Baryta Mur	عام خنازیری مذاج جس کے ساتھ دوران خون کے نظام اور نظام اعصاب کی علامات پائی جاتی ہوں، شدید تشنج اور شہوت کی زیادتی خنازیری بچوں اور بڑھوں کے لئے

72	Belladonna	اعصابی نظام کی خرابی، اعصابی سر درد سر کی طرف اجتماع خون جس کی وجہ سے سر گرم ہو چہرہ سرخ، بخار، آنکھوں کی سوزش، آنکھ کے ڈیلے کا باہر کی طرف ابھرنا سرخی جلن دار اور پاؤں ٹھنڈے، پیاس نا ہوں
73	Bellis Perennis	تپ دق کا بخار، سوزش معدہ، آنتوں کی سوزش، غنودگی کے ساتھ سر درد، اعصابی چوٹ، جسم گرم ہوتے ہوئے ٹھنڈا پانی پینے سے تکالیف میں اضافہ
74	Benzoic Acidum	پیشاب کی تیز بدبو (گھوڑے کے پیشاب کی مانند) اور گہری بھوری رنگت۔ یورک ایسڈ کی وجہ سے جوڑوں میں درد
75	Berberis Aquifolium	چہرے کے کیل مہاسے، چھائیوں اور جھریوں کے لئے، مصفی خون
76	Berberis Vulgaris	گردوں کے جملہ امراض، گردوں کے مقام پر پھیلنے والی دردیں۔ جوڑوں کا درد، گردے کی پتہ کی پتھری میں مفید ہے، مصفی خون, جگر میں درد کندھوں اور بازوں اور ٹانگوں کا درد گردن اور کمر میں سوئیوں کے چبھنے کا احساس ہو
77	Beta Vulgaris	کینسر اور جگر کا ورم، (ٹانک بھی)
78	Betula Alba	جوڑوں کا درد، چھاتی کا کینسر، ایگزیما، گردے کی پتھری۔ مثانے کا ورم پیشاب کی نالی میں گوشت کی زیادتی
79	Bismuth	وریٹرم البم اور آرسینکم البم کی مل جلی علامات جبکہ جلد اور پسینہ میں گرمی اور زبان اینٹی مونیم کروڈ کی مانند سفید
80	Blatta Orentalis	دمہ کا شرطیہ علاج موٹے افراد کا دمہ جس میں بلغم کی موجودگی بھی ہو، پھیپھڑوں کی ٹی۔بی میں بھی مفید ہے
81	Blutenpollen	الرجی، تھکاوٹ. کمزوری، زکام، جراثیم کش
82	Boldo	امراض جگر، سینہ کی سوزش وغیرہ، گردہ اور پتہ کی پتھری
83	Borax	نیچے کی طرف حرکت سے تکالیف میں اضافہ اور یکدم آواز سے ڈر جانا۔ منہ کے چھالوں کے لئے مفید ہے۔ اونچی آواز ناقابل برداشت
84	Boricum acidum	یہ دافع جراثیم اور دافع چھوت ہے کیونکہ یہ خمیر بننے اور گلنے سڑنے کے عمل کو روکتی ہے۔ گردے کی نالیوں کے مقام پر درد اور بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ ٹھنڈک، ذیابیطس زبان خشک سرخ اور کٹی پھٹی، سر درال بہتی ہے
85	Borrago Officinalis	بخار اور اینٹھن امراض دل، صحت مند جسم اور ناخن

86	Bovista	خون حیض کا صرف رات کے وقت آنا
87	Brassica Nigra	چیچک، ناک کی بندش، نزلہ
88	Bromium	خناقی تکالیف کا نیچے سے اوپر کو بڑھنا اور گرم موسم میں امراض کا پیدا ہونا
89	Bromium	اس دوا کا اثر سب سے زیادہ آلات تنفس پر ہے، بالخصوص نرخرے اور سانس کی نالی پر ایسے بچوں پر خاص اثر رکھتی ہے جو کنٹھ مالا میں مبتلا ہوں اور ساتھ ساتھ غدود بڑھ گئے ہوں، گندی رنگت کے افراد، کن پیڑے۔ دم گھٹنے کا احساس تیز رطوبات کا اخراج، پسینہ بکثرت اور شدید کمزوری آتی ہے غدودں کی سختی
90	Bryonia Alba	عام بخاروں کے علاوہ دردوں کا بخار حرکت سے تکالیف میں اضافہ، سکون اور دباؤ سے آرام ملے، جوڑ سرخ اور متورم ہوں، خاص پیاس مریض پورا گلاس اکٹھا پی جائے اور چبھن دار دردیں
91	Bucco	آلات بول، آلات تناسل کا انفیکشن، پراسٹیٹ، پتھری اور لیکوریا کے عوارض
92	Bufo	شہوانی مرگی اور مریض کا گوشائے تنہائی کی تلاش میں رہنا تاکہ مشت زنی کا فرض سرانجام دے سکے
93	Cactus Grandifollia	دل کے مقام پر درد اور گھٹن اور دل کی دھڑکن میں تیزی اور دم کشی کا احساس
94	Cadmium Sulph	موت کی طرف لے جانے والی کمزوری۔ آگ کے قریب سے بھی سردی کا کانپنا اور آرسینکم اور برائیونیا کی ملی جلی علامات اور سیاہ رنگ کی قے ہیں
95	Caladium	نامردی، مگر خواہش بڑھی ہوئی جریان، احتلام کے لئے بے مثال دوا، تمباکو نوشی کے بداثرات اور بھول چوک ہیں
96	Calaendula Officinalis	کٹے پھٹے اور کھلے زخموں کے اعلیٰ ترین دوا اور مشہور اینٹی سپٹک، کھانسی میں سبز بلغم چیرنے پھاڑنے والا سر درد
97	Calamus Aromaticus	ریاح، درد اور بھوک کا نا لگنا
98	Calcarea Arsenica	کلکیریا اور آرسینکم کی مانند سرد مزاجی معمولی جزبات یا محنت دماغی سے دل کا دھڑکنا اور بچوں میں پرانے کونین زدہ ملیریا کے کیسوں میں جگر اور تلی کا بڑھنا ہے
99	Calcarea Carbonica	موٹا پلپلا جسم قے، پاخانہ، پسینہ، ذائقہ وغیرہ میں کھٹاس کا ہونا سر کا پسینہ پاؤں ٹھنڈے اور گیلے اور بچوں کی مزاجی علامات۔ بچوں کی ہڈیوں کا کمزور پڑنا
100	Calcarea Fluorica	غدودوں، ہڈیوں اور اعصاب میں پتھری کی مانند سختی اور ڈھیلا پن

101	Calcarea Iodata	یہ کنٹھ مالا کے اعلاج میں استعمال ہوتی ہے غدودوں اور ٹانسلز کے بڑھ جانے میں مفید ہے۔ بلوغت کے زمانہ میں غدودوں کا بڑھ جانا ڈھیلے ڈھالے بچے جو سردی کا اثر جلدی قبول کر لیں جن کے اخراجات پیلے ہوں، زخموں کا مندمل نہ ہونا
102	Calcarea Phosphorica	بچوں کا سوکھا پن اور دانت نکلنے کے زمانہ کی تکالیف، ہڈیوں کی تکالیف اور خصوصاً کمزوری ٹوٹی ہوئی ہڈی کا نا جڑنا اور موسم کے تبدیل ہونے پر عام تکالیف اور خصوصاً جوڑوں کی دردوں کا بڑھنا، ہاضمہ کی کمزوری۔ جسم میں خون کی کمی۔ چڑچڑا پن، جسم ڈھیلا اور ہاتھ پاؤں سرد۔
103	Calcarea Sulphurica	کسی جگہ سے بھی پیپ کا نکلنا گھاڑے زرد رنگ کے اخراجات اور پھوڑے پھنسیوں کا اکثر نکلتے رہنا
104	Calotropis	آتشک، کوڑھ، پیچش، نمونیہ اور پھیپھڑوں کی ٹی۔بی، موٹاپا
105	Camphora	سن سٹروک، مرض کے غالب آجانے پر جبکہ تمام جسم سرد ہو جائے تو جسم کو گرم کرنے کے لئے اور قوت حیات سنبھالنے کے لئے کمفر کا استعمال کریں ہیضہ کی ابتداء میں بطور مجرب کے استعمال کریں، عضو تناسل کا ٹیڑھا پن
106	Cannabis Indica	عجیب وغریب تصورات وخیالات
107	Cannabis Sativa	تازہ سوزاک
108	Cantharis	شدید جلن دار پیشاب کا قطرہ قطرہ خارج ہونا
109	Capsella Bursa Pastoris	جریان خون، یورک ایسڈ، پیشاب کی تشنجی رکاوٹ، درد گردہ، ماہواری میں خون کا جاری رہنا
110	Capsicum Annuum	بد ہضمی خاص طور پر جب جلن کا احساس جو معدہ اور سارے نظام انہظام میں پھیل جائے
111	Carbo Animalis	کمزور وناتواں خنازیری مزاج افراد میں غدودوں کا سوجھ کر پتھر کی مانند سرطانی شکل اختیار کرنا اور عورتوں میں ماہواری کے ساتھ انتہائی کمزوری کا پیدا ہونا کہ مریضہ بول تک نا سکے
112	Carbo Vegetabilis	تمام امراض کا آخری درجہ، تمام حادہ امراض کے باقی ماندہ بداثرات، پنکھا جھلنے کی شدید خواہش ریاح کا معدہ میں کثرت سے پایا جانا اور ریاح کا بدبودار ہونا۔ سینہ میں جلن، جسم میں آکسیجن کی کمی جسکی وجہ سے بدن اور رگوں میں نیلاہٹ اور ماتھے پر ٹھنڈے پسینے۔
113	Carbolic Acid	سونگھنے کی قوت کا بہت تیز ہونا، قبض اور شدید بدبودار سانس اخراجات بدبودار اور انتہائی نکاہت ہو
114	Carboneum Sulph	کاربووج اور سلفر کی ملی جلی علامات، شراب زدہ افراد میں خاص طور پر ملتی ہیں کانوں میں گھنٹیاں بجنا مستقل علامت ہے

115	Carcinosin	کینسر کی ہسٹری اور رجحان، کینسر کے زہریلے اثرات کا توڑ
116	Cardiospermum Hallcacabum	پیپ دار پھوڑے، جوڑوں کا درد اور کینسر
117	Carduus Benedictus	آنکھوں، مختلف اعضاء کی سختی
118	Carduus Marianus	امراض جگر، جگر کے افعال سست صفرا، یرقان، زبان پر گندی تہہ جگر کے بڑھنے اور سخت ہونے اور ورم کے لئے، شراب کے بد اثرات اور کوہلے کے جوڑوں میں درد
119	Carduus marianus	اس دوا کا اثر جگر اور اس میں خون لوٹنے والی شریانوں پر ہے دھکن کا ہونا یرقان نظام دوران خون سے گہرا تعلق ہے شراب بالخصوص بئیر کے بد اثرات وریدوں کا پھیلاؤ کان میں کام کرنے والوں کی شکایات جن کا تعلق دمہ سے ہو استقائی حالت جس کا تعلق جگر سے ہو۔ انفوائنزہ
120	Carex Arenaria	برانکائٹس، ایگزیما
121	Carocus Sativa	سیاہ دھاگے دار جریان خون، پیٹ میں کسی زندہ چیز کے پھڑکنے کا احساس اور بدلتا ہو اہسٹریائی مزاج ہیں
122	Carotalus Horridus	تمام سوراخوں سے پانی کی طرح سیاہ رنگ کے بدبودار خون کا اخراج، یرقانی علامات اور خون کا زہریلہ ہونا ہیں
123	Carum Carvi	گیس، اپھارہ، پیٹ درد
124	Caryophyllus Gewurznelke	قے اور الٹی کا آنا
125	Cascara Segrada	قبض کشا اور انتڑوں کے خراب افعال
126	Caulophyllum	رحم کی کمزوری، وضع حمل کی دردوں کو تیز اور جھوٹے دردزہ کو روکنے کے لئے بطور مجرب استعمال کی جاسکتی ہے اور نقرس کی دردیں۔ یہ عورتوں کی دوست دوا ہے
127	Causticum	چھوٹے اور بڑے جوڑوں کا درد اور خصوصاً مقامی فالج، کھانسی کے ساتھ پیشاب کا اخراج اور چھل جانے کا احساس ہیں۔ کسی عضو کا فالج۔ جلد گندی خراب اور لمبے مسوں سے بھری ہوئی ہو۔
128	Ceanothus Amer	تلی کا ورم، جس کے ساتھ شدید درد ہو بڑی ہوئی تلی حتیٰ کے کینسر کے لئے بھی مفید دوا
129	Centaurium Umbellatum	عمل انہضام میں گیسٹرک جوس کی کمی
130	Chamaomilla Matricaria	بچوں کے دانت نکالنے کے عوارض، چڑچڑاپن، اسہال، کان درد اور ریاحی دردیں۔ بے چینی ۔ پیٹ درد۔ پیاس زیادہ ہو

131	Cheiranthus Cheiri	عقل داڑھ کی تکلیف کے لئے لاجواب
132	Chelidonium	دائیں شانہ کی ہڈی کے نچلے کونے میں مستقل درد، دائیں جانب کی علامات، جگر کے مختلف عوارض اور یرقان کی پہلی دوا، صفراوی علامات۔ گرم چیزیں پینے کی خواہش اور ان سے آرام آنا
133	Chenopodium	کان کی خرابی سے چکر آنا، کندھوں کا درد، قوت گویائی کی بحالی، خراٹے، پیٹ کے کیڑے
134	Chimaphilla Umbellate	پراسٹیٹ گلینڈ کی سوزش، پیشاب کے دوران جلن اور زور لگانا پڑے ,گردوں اور جگر میں پانی کا ہونا
135	China	رطوبات جسمانیہ کا زیادہ مقدار میں ضائع ہونا، کانوں میں گھنٹیاں بجنا، تمام پیٹ میں ریاح اور دورہ دار امراض ہیں باری کا بخار اور کمی خون، بخار کے بعد کی کمزوری کے لئے بھی
136	Chininum Ars	چائنا اور آرسینکم البم کی ملی جلی علامات جبکہ انتہائی کمزوری اور نقاہت پائی جائیں اور کمزوری کی وجہ سے مریض ٹھیک ہونے میں ہی نا آئے
137	Chininum Sulph	انتہائی پابندی وقت کے ساتھ دوروں کا واقعہ ہونا، ریڑھ کی ہڈی کی دھکن اور عام ملیریائی امراض
138	Chionanthus	جگر، پتے اور لبلبے کی بیماروں کا اعلاج اور پتے میں پتھری کے باعث شدید درد کو بھی ختم کرتی ہے اور سر درد کے لئے ,شوگر میں بھی مفید ہے
139	Cholesterinum	پتہ کے شدید درد کو بھی ختم کرتی ہے اور پتہ کی پتھری کا اعلاج بھی، خون میں کولسٹرول کی بڑھی ہوئی مقدار کم کرتی ہے
140	Cichorium Intybus	آنت میں بائل کے بہاؤ کے زیادتی، جگر کی کمزوری اور قبض
141	Cicuta	شدید تشنج اور موئی تہ والا ایگزیما ہیں
142	Cimicifuga Acty Aea Arcemosa	رحم کی خرابی اور اسکی علامات، بائی کی دردیں اور سرد مرطوب موسم میں تکالیف کا بڑھنا ہے، بدلتی ہوئی دردیں، ماہواری کی بے قاعدگی اور نوجوانی کی سیاہیاں
143	Cina	پیٹ میں کیڑے، چھوٹے بچوں کا پیٹ درد پیٹ کے کیڑوں سے پیدا ہونے والی علامات خصوصاً ناک ملنا، نیند میں دانتوں کو پیسنا، اور پیشاب کی رنگت دودھیہ یہ بچوں کی دوا ہے جسم موٹا گلابی چہرہ، خنازیری مزاج، ایسی تکالیف جو آنتوں میں سوزش کا نتیجہ ہوں، کیڑے، بدمزاج بھوک کی کمی اور دانت پیسنا، چیخیں مارنا، ہر وقت بھوک
144	Cineraria	موتیابند اور دھند جالا وغیرہ کے سلسلہ میں اس کی دوا کی بہت شہرت ہے۔ آنکھ پر چوٹ لگنے کے بعد بھی نہایت مفید ہے

145	Cinnamonum	بعد از پیدائش اور دیگر مختلف عوارض میں بچہ دانی سے بہت زیادہ خون کا اخراج، نزلہ زکام میں بھی کار آمد ہے
146	Cionella	زکام، پیچش، نمونیہ، مرگی اور رسولی
147	Cistus	خنازیری مزاج، سردی زیادہ محسوس کرنا اور گاڑھی زرد بلغم خارج کر دینے پر سانس اندر لینے پر چھل جانے اور چسک کا احساس ہیں۔ جسم کے مختلف حصوں میں ٹھنڈک کا احساس اور گردن کے غدودوں کے مہلک امراض
148	Citrinum	پیچش، ہچکی، معدے کے انفکشن
149	Citrus Mediica	معدہ کی کمزوری سے پیٹ درد اور بد ہضمی
150	Clematis	سوزاکی کیسوں میں خصیتین کا ورم اور سٹر کچر کا پیدا ہونا ہے
151	Clematis Recta	غدود اور آنکھوں کے امراض
152	Cocculus	دوران حمل اور دوران سفر متلی خاص طور پر ریل اور کار میں سفر کے وقت بازو سن، چکروں کو آنا ، نیند ضائع ہونے کے بد اثرات، اعصابی کمزوری، پیٹ اور سر میں خلا کا احساس
153	Coccus Cacti	کالی کھانسی میں سفید لیسدار بلغم جس کا اخراج دھاگوں کی صورت میں ہو
154	Cochlearia Officinalis	مسوڑھوں سے خون کا خراج
155	Coffea Arabica	تمام اعضاء کے قدرتی افعال میں جوش کی کمی، اعصابی اور شرائین میں پژمردگی اور نیند آور
156	Coffea Cruda	دماغی تیزی کی وجہ سے نیند کا نا آنا۔ دانت درد کو سرد پانی سے آرام آنا اور شدید جذبات کے بد اثرات
157	Cola Vera	پٹھوں کی کمزوری اور دل کی کمزور دھڑکن، بھوک کو کنٹرول کرے
158	Colchicum	حساس طبع جو گھٹیاوی دردوں میں مبتلاء ہوں خاص کر جب درد والی جگہ گرم، سرخ اور سوجی ہوئی ہو کھانے کی بو سے تکالیف میں اضافہ اور کھانے کی بو سے ہی الٹی کا آنا
159	Collinsonia	وریدوں کا زیادہ دباؤ کی وجہ سے پھول جانا، نیلا ہو جانا، بواسیری مسے خونی بواسیر شدید ترین قبض خصوصاً حمل کے پچھلے مہینوں میں
160	Colocynthis	شدید اعصابی دردیں جن کو خصوصاً سخت دباؤ سے آرام ملے روز مرہ کا پیٹ درد
161	Condurango	معدہ کا کینسر، زخم اور سوزش

162	Conium	بڑی عمر کے لوگوں میں بڑے ہوئے غدود شدید سخت، چکر، خواہش جماع کے دب جانے کے بد اثرات غدودوں پر چوٹ لگنے کے بد اثرات اور پستانوں وغیرہ میں سرطانی گومڑوں کا پایا جانا ہے۔ لرزہ طاری رہنا اور چلتے پھرتے اچانک کمزوری، ٹانگوں پر درد اور اکڑن
163	Convallaria Majalis	کمزوری دل کے ساتھ، ولوز کے افعال میں خرابی، دل کے غلاف کی سوزش اور سوزش قلب کے باعث گٹھیاوی تکالیف
164	Corylus Avellana	لو بلڈ پریشر، دوران خون کو نارمل کرنے میں مدد گار
165	Crataegus Oxyacantha	دل کے ہر قسم کے امراض، تنگی تنفس بالخصوص دل کی کمزوری، خون کی نالیوں کو صاف کرے، انجائنا
166	Crocus Sativus	ہسٹیریا، مالیخولیا، لیکوریا، پر درد حیض اور پٹھوں کی پھڑکن وغیرہ
167	Crotalus horridus	مختلف اقسام کی الرجی، یرقان کی علامات میں تیزی سے اضافہ، امراض میں شدت جسم کا کانپنا، ہذیان بکنہ اور بڑبڑانا، شوگر کی وجہ سے پھوڑوں کا ہونا، حمل کے دوران ٹائیفائیڈ، آنکھوں کے گرد سیاہ ہلکے نظر کی کمی معدہ میں کسی چیز کا نہ ٹھہرنا فوراً قے ہو جائے جوڑوں کے امراض میں غدود سوج جاتے ہیں ہاتھ پاؤں میں سوجن، دل کی کمزوری، حیض کا دیر تک جاری رہنا معدہ میں نکاہت کا احساس۔
168	Croton Tiglium	زرد رنگ کے پانی کی طرح کے دست جو یکدم پچکاری کی طرح خارج ہوں۔ موسم گرما کی شکایات، دست اور جلدی امراض، آنکھیں پیچھے کو کھچی ہوئی محسوس ہوں
169	Cucurabita Longa	کھانا کھانے کے بعد تیز متلی، ایام حمل کی متلی، بحری صفر کے دوران ہونے والی تکالیف اور پیٹ کے کیڑے
170	Cuphea	غیر ہضم شدہ غذا کی قے، نوزائیدہ بچوں کا ہیضہ، معدہ کی تیزابیت، پاخانہ بار بار، سبز رنگ کا پانی جیسا پتلا اور تیزابی، اینٹھن اور زبردست درد تیز بخار بے قراری بے خوابی ضدی قبض
171	Cuprum Metallicum	تشنج جبکہ چہرہ نیلا ہو جائے اور تشنج ہاتھ پاؤں کی انگلیوں سے شروع ہوں۔ تمام ادویات سے بڑھ کر متلی اور اینٹھن کا پایا جانا
172	Curcuma Longa	مروڑ، دست، اسہال، امراض جگر
173	Cyclamen	تمام تکالیف کے ساتھ آنکھوں کے سامنے تارے اور منہ کی نمکینی کیفیت
174	Cynara Scolymus	ہائی کولیسٹرول پتہ اور جگر وغیرہ کے امراض
175	Damiana	جنسی طاقت کے خزانے کی سر تاج دوا، ذہنی وجسمانی کمزوری، پراسٹیٹ کی سوجن, اعصاب کو طاقت دیتی ہے، بار بار پیشاب کا آنا، اعصابی سر درد، سکون کی نیند دیتا ہے۔

176	Daucus Carota	جوڑوں کے درد، گھٹیا اور یورک ایسڈ کی زیادتی
177	Dictamnus Albus	حیض کی کمی، ایگزیما، ملیریا، پھنسی دانے اور آنت کے کیڑے
178	Digitalis	استقاء قلب، دل کا پھیل جانا اور تھکاوٹ، دھڑکن میں بے قاعدگی وغیرہ، سست نبض اور نیلا پن
179	Dioscorea	گردے اور پتہ کا درد پیٹ میں گیس کے باعث درد، جنسی اعضا بلکل ٹھنڈے اور ڈھیلے قولنجی درد جن کی پیچھے کی طرف اکڑنے سے آرام آئے، بس گانٹھ اور صفراوی قولنج میں مجرب ہے
180	Diphtherinum	خناق کے بعد ہونے والا گلے کا فالج، غدود پھولے ہوئے، سانس نہایت بدبودار، نگلتے وقت درد اور نگلنے کے فوراًبعد قے، سانس کی نالیوں کی سوزش
181	Dolichos Pruriens (Mucuna)	خونی بواسیر کا اعلاج
182	Drosera	نظام تنفس کے مختلف اعوارض، سانس کی نالیوں کی سوزش، کالی کھانسی جبکہ دورے لیٹنے پر اور آدھی رات کے بعد بڑھیں
183	Dulcamara	جلدی امراض، وجع المفاصل، سرد مرطوب موسم سے تکالیف کا بڑھ جانا اور گرم سرد ہونے کے بد اثرات
184	Echinacea Angusiifolia	خناق کی وجہ سے زبان پر اور حلق کے اندر موٹی جھلی زہریلے اثرات، مصفی خون، قوت مدافعت کی بہترین دوا
185	Echinacea Purpurea	پھوڑے، پھنسیاں اور جلد کے گلنے سڑنے کی صورت میں نزلہ زکام سے بچاؤ، قوت مدافعت بڑھائے
186	Eleutherococcus	اعصابی دباؤ، بھوک کا نا لگنا، مایوسی، اور پریشانی کی حالت
187	Ephedra	دمہ، ہائے فیور، آنکھوں کے باہر دباؤ کا احساس، کوتاہ دمی
188	Epigea Repens	مثانہ کی سوزش، پیشاب کی بندش، یا غیر ارادی اخراج، جلن وغیرہ
189	Epilobium Parviflorum	اسہال، پیچش، معدہ کی سوجن، درد، سبز پاخانے، پراسٹیٹ کی سوجن
190	Equisetcum Arvense	سوتے میں بلا ادارہ پیشاب کا بستر پر نکل جانا بالوں کا ٹانک
191	Eriodictyon Californicum	نظام تنفس کی مختلف بیماریوں بلخصوص پرانا اور بگڑا ہو دمہ، سستی اور دردیں

192	Eschscholtzia Californica	مارفیا سے زیادہ قوی اور زود اثر، عام کمزوری تھکان، سستی اور دردیں
193	Eucalyptus Globules	آلات تنفس میں سوزش کی وجہ سے پھیپھڑوں میں پیدا ہونے والی نزلاوی کیفیات
194	Eupatorium Perfolitum	گردن توڑ بخار، نزلہ کی وجہ سے دردیں یا مختلف امراض میں تمام ہڈیوں میں شدید دردیں
195	Euphorbia	نرخرہ کی سوزش، کھانسی، بلخصوص دمہ کے لئے خاص الخاص دوا
196	Euphorbium	یہ دوا جلد اور بلغمی جھلیوں پر خراش پیدا کرتی ہے، ہڈیوں میں جلن دار درد ہوتا ہے، بازوؤں اور ٹانگوں میں فالجی درد اوع جوڑوں کی کمزوری، خوفناک جلن دار اور دردیں
197	Euphrasia	آنکھوں کی سوزش دباؤ، سرخی، اور خارش غرض آنکھوں کی ہر قسم کی تکالیف جبکہ آنکھوں سے تیزابی پانی متواتر چلتا رہے، زکام میں بھی مفید
198	Fagopyrum Esculentum	خارش جس کو ٹھنڈ سے آفاقہ ہو، لعاب دہن کی زیادتی،
199	Ferrum Metallicum	چہرہ آگ کی طرح سرخ مگر کمی خون، کھانا کھاتے ہی پاخانہ کی حاجت اور غیر ہضم شدہ غذا کے پاخانے اور آہستہ آہستہ چلنے پھرنے سے آرام آنا ہیں
200	Ferrum Phos	ہر سوزش کا پہلا درجہ لحاظہ تقریباً تمام بیماریوں کی ابتداء، چمکدار جریان خون خواہ کسی جگہ سے آئے اور کمی خون والے مریض ہیں
201	Filix Mas	چنونوں اور خاص طور پر قبض میں مفید آنت کے کیڑوں کو بھی باہر نکالتی ہے ,چہرہ زرد اور آنکھوں کے گرد ہلکے
202	Fluoric Acid	آتشکی اور پارہ کے مریض جبکہ گرمی برداشت نا ہو اور ہر وقت تیز چلتے رہنے کی اکساہٹ قائم رہے
203	Foeniculum Vulgare	پیٹ درد، جوڑوں کے درد، خاص طور پر بچوں میں
204	Foenum Graecum	آتشک کا زخم، مثانے کا ورم، پھیپھڑوں کا ورم، معدہ کی کمزوری، نامردی، پیٹ کی رسولی
205	Fragaria	پتھری بننے سے روکتا ہے، جوڑوں کے درد سے بچاؤ
206	Frangula	خونی وبادی بواسیر و قبض
207	Fraxinus	عورتوں میں رحم کی مضبوطی کے لئے بے حد مفید، گلٹی کا اعلاج

208	Fucus Vesiculosus	موٹاپا کم کرنے اور بڑھتے ہوئے گلہڑ کو کم کرنے میں مفید ہے
209	Fumaria Officinalis	پرانا ایگزیما، آشوب چشم، یرقان، جلد پر دانے، سکراوی قولنج
210	Furfur (Trioticum Furfur)	ضعف مثانہ پیشاب میں خون، خون کی قے، کثرت حیض اور اعصابی کمزوری
211	Galeopsis	دمہ، ٹی۔بی، برونکائٹس وغیرہ، خونی بواسیر
212	Galium Aparine	پیشاب کی جلن، پتھری، گلٹیاں
213	Galphimia Glauca	الرجی، مثانہ کی سوزش
214	Gaultheria Procumbens	سوزش گردہ، اور بلاوجہ کی جنسی خباست، شیاٹیکا، درد جوڑ
215	Gelee Royale	قوت باہ اور تھکاوٹ اور جوڑوں کا درد
216	Gelsemium	جوڑوں کی اعصابی کمزوری اور درد، پٹھوں کے درد۔ کانپنا، فالج، نیز غنودگی اور پیاس کا نا ہونا ہیں۔ چکر، پٹھوں کی شدید کمزوری
217	Genista	پیشاب آور، جلاب آور
218	Gentiana Lutea	معدہ کی کمزوری، بھوک کی کمی کے لئے مفید ہے
219	Geranium	جسم کے مختلف حصوں سے خون کا اخراج، سر درد
220	Geum Urbanum	ملیریا، غذائیت کی کمی کی وجہ سے کمزوری، دانتوں کی سوزش اور درد سکون آور
221	Ginkgo Biloba	دماغی شریانوں کی تنگی دور کر کے دوران خون بحال کرتی ہے بلڈ پریشر کم کرے
222	Ginseng	کمر درد، لنگڑی کا درد، گھٹیا اور فالج کی کمزوری، دماغی، اور اعصابی تھکاوٹ
223	Ginseng	یہ رطوبات پیدا کرنے والے غدودوں کو متحرک کرتی ہے۔ کمر درد اور لنگڑی کا درد میں مفید ہے فالجی کمزوری، ہچکی جلدی امراض، خارش گردن اور سینہ پر پھنسیاں
224	Glonoine	سن سٹروک یا سن سٹروک کی مانند علامات خواہ کسی وجہ سے پیدا ہو جائیں۔ سر اور دل کی طرف خون کا دباؤ، سر پر کسی قسم کی گرمی برداشت نا ہو، مختلف قسم کے سر درد

225	Glycerinum	نئے ریشوں کی تعمیر، سوکھا پن ذہنی وجسمانی کمزوری اور ذیابیطس میں مفید ہے
226	Gnaphalium	لنگڑی کے درد کی اکثیر اعظم
227	Gossypium	اس دوا کی بڑی خوراک دینے سے حیض کی مقدار میں اضافہ ہو جاتا ہے، دیر سے آنے والے حیض میں مفید ہے، ایسا محسوس ہوتا ہے حیض ہونے والا ہے مگر ہوتا نہیں ہے
228	Graphites	موٹے مریض جو کہ قبض میں مبتلا ہوں اور جن کے جسم پر پسینہ اور رطوبت والی ابھاریں پائی جائیں سب سے بڑی علامت گاڑھی رطوبت کا پایا جانا ہے
229	Gratiola	زہریلے اثرات، لیکوریا، گنوریا اور زدی قسم کے السر، نیند نا آنا وغیرہ موسم گرما میں زیادہ پانی پینے سے بلا درد اسہال کا واقع ہونا اور عورتوں میں نکس وامیکا کی علامات کا پایا جانا ہے
230	Grindelia Robusta	سانس کی نالیوں میں سوزش کے باعث، شدید کھانسی
231	Guaiacum	جوڑوں کا درد، نقرس، سلی نیز آتشک اور پارہ کی علامات جبکہ دردیں گرمی اور حرکت سے بڑھ جائیں اور اخراجات سے (خصوصا بلغم سے) بدبو آئے (اگر لوزتین کی سوزش کے ساتھ ساتھ جلن پائی جائے تو کار آمد ہے
232	Gun Powder	خون کی خرابی میں بطور مجرب استعمال کریں
233	Hamamelis	سیاہ جریان خون خواہ کسی مقام سے ہو ہیما میلس ضرور روکے گی اور بواسیر میں اعلی مقام والی دوا۔ خون بہنے سے شدید کمزوری
234	Haronga	پیچش، مروڑ اور معدہ کی کمزوری
235	Harpagophytum Procumbens	نقرس، گنٹھیا اور جوڑوں کے درد
236	Hedera Helix	جوڑوں میں درد حیض کی کمی، سوجن، کینڈیڈا انفکشن، بلغم
237	Hekla lava	جبڑوں پر خاص اثر رکھتی ہے، اس کا استعمال ہڈی کے پھوڑے، مسوڑھوں کے زخم اور بچوں کے دانت وقت سے نکلنے میں ہوتا ہے۔ جوڑوں پر گانٹھیں بنتی ہیں، ہڈی کا ناسور ہڈیوں کی سوزش ہڈی کے غلاف کی سوزش، ہڈی کا کینسر، ہڈیوں کا ٹیڑھا پن، آپریشن کے بعد ہڈی کا پھوڑا اور اسکی گلن سڑن
238	Helianthus,Tuberosus	پرانا ملیریا اور بخار، زکام، نزلہ، ذیابیطس، مادہ منویہ کی کمی معدہ کی کمزوری
239	Helleborus	انتہائی اعصابی کمزوری جو آہستہ آہستہ فالج میں منتقل ہو جائے اور دل کے ڈوبنے میں میں مفید دوا بچوں میں آنکھوں کے ٹیڑھے پن جبکہ نچلا ہونٹ گرا ہو، سرسامی حالت جبکہ مریض سر کو دائیں، بائیں مارے ایک ٹانگ اور ایک بازو کو حرکت دے اور پیشاب کم یا بند ہو جائے

240	Helonias	نسوانی امراض جیسے رحم کی کمزوری ہر وقت رحم کا احساس اور جب توجہ کسی دوسری جانب لگی ہو تو جملہ علامات میں آرام محسوس ہوتا ہے، اسقاط حمل اور بانجھ پن رحم سے بکثرت اخراج خون اور کمر کے نچلے حصہ میں درد
241	Hepar Sulphur	سردی بہت محسوس کرتا ہو، تمام علامات کا سرد ہوا سے بڑھنا، حس کا بہت بڑھا ہوا ہونا اور آسانی سے پیپ کا پڑنا، (حس سردی اور سرد ہوا کی علامات مزاجی ہیں اور قطعی ہیں) ترش اور مقوی اشیاء کھانے کی شدید خواہش
242	Herniaria	مثانہ کا ورم، مثانہ کی پتھری اور پیٹ درد
243	Hippophae Rhamnoides	معدہ کا اور پیٹ کا درد، اسہال، مسوڑھوں سے خون کا اخراج
244	Humulus Lupulus	بے خوابی خاص طور پر جب معدہ کی ریاح تنگ کریں، یرقان اطفال
245	Hydrangea	یہ دوا پیشاب میں ریت اور بکثرت سفید نمکیات کے تہہ نشین ہونے میں مفید ہے، پتھری، درد گردہ، خون ملا پیشاب، گردے کی نالی پر اثر کرتی ہے، کمر درد، سر چکراتا ہے، چھاتی میں گھٹن
246	Hydrastis Canadensis	معدہ تکالیف کا مرکز ہو معدہ میں خلا کا احساس مگر غذا سے نفرت شدید قبض اور حاجت کا نا ہونا، تمام رطوبات گاڑھی، زرد، لیسدار اور ان علامات کا کمزور اشخاص میں پایا جانا ہیں، پرانا نزلہ
247	Hydrocotyle	جلدی امراض بلخصوص شرمگاہ کی خارش جس میں دانے دار زخم بن جائیں، اور پھلبہری وغیرہ کے لئے تلوں کی ناقابل برداشت خارش، مصفی خون
248	Hydrocyanic acid	تشنج اور فالجی کیفیات،، سر میں شدید درد، معدہ میں ڈوبنے کا سا احساس، چہرے کا نیلا پن جو کہ پھیپھڑوں میں اجتماع خون کے باعث ہو، ناقابل برداشت غنودگی، خالی پیٹ معدہ کا درد
249	Hydrophobinum	چمکدار روشنی اور بہتے پانی کو دیکھنے سے تکالیف میں اضافہ، پاگل پن ہونے کا خوف، عورتوں میں مجامعت کے دوران درد، شام کو درد والے دست، ایسی علامتیں جیسے کسی پاگل کتے نے کاٹا ہو۔
250	Hyoscyamus	ہلکا ہذیان جس میں کسی کسی وقت تیزی آجائے اور زرد چہرہ، ننگا ہونا اور بستر کے کپڑے پکڑنا اور چننا، عام پھڑکنے اور بے ہوشی کے ساتھ تشنج ہیں، مالیخولیا جیسی علامات پاگل پن کی تصویر
251	Hypericum	اعصاب پر چوٹ جبکہ دردیں چوٹ کے مقام سے جسم کے طرف بڑھیں، زخم کا مقام نہایت پر حس اور دماغ اور ریڑھ کی ہڈی پر ضرب کی وجہ سے تازہ اور پرانے اثرات ہیں، ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ، جبڑے کے امراض
252	Iberis Amara	اعصابی ہیجان دل کی دیواریں موٹی ہو گئی ہوں تو
253	Ignatia	ایسے مریض جو ہر وقت دکھوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہوں، ہسٹیریا اور مالیخولیا، اور اعصابی دردیں، غم کے بد اثرات لمبی لمبی سانسیں اور غیر متوقع اور تعجب خیز علامات
254	Iiex Aquifolium	گھٹیا، یرقان، آنتیں، جگر اور معدہ کی خرابی

255	Imperatoria	سکتے اور ماہواری کے درد میں ایک ٹانک کی حیثیت رکھتا ہے
256	Influenzinum	نزلہ زکام، چھینکیں سردی زکام، قوت مدافعت کی کمزوری
257	Insulin	انسولین کو ذیابیطس کے اعلاج میں استعمال کرتے ہیں۔ یہ کاربوہائیڈریٹ پر آکسیجن کے عمل کو بحال کر کے جگر میں گلائیکوجن محفوظ کرتی ہے۔ چہرے کے کیل کاربنکل، جلد کے سرخ داغ اور ساتھ خارش والا ایگزیما، نقرس اور ابتدائی ذیابیطس جبکہ جلدی علامات راہنما ہوں
258	Inula Helenium	رحم کی پرانی سوزش اور پیڑو کے نیچے جانے کا بہترین اعلاج
259	Iodium	مستقل بھوک کھاتے رہنے سے آرام اور گرم مزاجی
260	Ipecac	متلی، مرطوب موسم کا دمہ، کھانسی، چھاتی میں بلغم اور کھانسی کے ساتھ اس کا اخراج
261	Iris tenax	منہ کی خشکی، معدہ میں کمزوری جو انتہا کی ہو، چھوٹی اور بڑی آنت کا درد اور اپنڈکس میں بھی مفید ہے
262	Iris Versicolor	متلی کے ساتھ شدید سر درد، کھٹی تیزابی اور جلانے والی رطوبات، معدہ، جگر اور پتہ کے امراض ، پرانے سر درد اور ہیضہ کے لئے اکثیر دوا
263	Jalapa	قولنج اور اسہال لاتی ہے۔ بچہ دن بھر ٹھیک رہتا ہے۔ رات کو چیختا ہے۔ بے قرار ہوتا ہے تکلیف میں رہتا ہے
264	Jastisia	نزلہ زکام کھانسی جو سینہ سے تعلق رکھتی ہو، آلات تنفس کی حادہ نزلاوی حالت میں اس کا استعمال بہترین نتائج دیتا ہے (ابتداء میں استعمال کرنا مفید ہوتا ہے)
265	Jonesia Asoka	لڑکیوں کی ماہواری کی بے قاعدگی اور عورتوں کے جملہ اعوارض، رحم کی خرابیاں، شدید قبض اور بواسیر، رات کو بستر پر پیشاب کا نکلنا
266	Juglans Regia	جلدی دانوں کے لئے بے حد مفید، پیٹ کے نچلے حصہ کا درد، خصوصاً داہنی طرف
267	Juniperus Communis	گردہ کے پرانے قسم کے اعوارض
268	Kali Bichrom	زرد لیس دار بلغم جو دھاگوں کی مانند ہوں، گول گہرے زخم، بلکل چھوٹی سے جگہ میں درد اور ناک میں بڑے بڑے لو تھڑے بنتے رہنا ہیں اور چہرے پہ کیل مہاسے
269	Kali Bromatum	ہر قسم کی اعصابی علامات میں اس ودوا کا حصہ ہیں، ہاتھوں کی مستقل بے چینی یادداشت کی کمزوری، چہرے اور گرن کے کیل

270	Kali Carb	بوڑھے لوگوں اور کم خون والوں کے لئے مفید ہے اوپر کے پپوٹوں کی تھیلی نما سوجن چبھن دار دردیں کمر درد، دائیں کولہے سے دائیں گھٹنے تک باہر کی جانب درد ہونا
271	Kali Iod	سرد ہوا میں چلتے پھرتے رہنے کی خواہش، گرمی سے تکالیف میں اضافہ اور گھاڑھی سبز رطوبات اور آتشکی امراض ہیں۔ مقدار میں زیادہ پانی کی طرح ناک سے بہتا ہوا مواد خصوصاً جبکہ پیشانی اور ناک کی جڑ میں درد
272	Kali Mur	سفید یا میلی زبان خصوصاً جڑھ میں اور تمام سوزشوں کا دوسرا درجہ (کان، لوزتین اور آنکھ پر خاص اثر ہے) بچوں اور دردھ پلانے والی عورتوں کے منہ میں چھالے
273	Kali Phos	اعصابی کمزوری کی علامات اور بدبودار اخراجات اعصابی سر درد میں بھی مفید ہے
274	Kali Sulph	گرمی سے امراض میں اضافہ اور کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں آرام زرد رطوبات شام کو تکالیف میں اضافہ اور دردوں کو مقام تبدیل کرنا، جوڑوں وغیرہ کی دردیں
275	Kalmia Latifolia	ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والی بلخصوص اوپر سے شروع ہو کر نیچے جانے والی دردیں
276	Kava Kava	خاص قسم کی نشہ آور، خواب آور دوا مثانہ کی سوجن اور درد اور السر کے لئے بھی مفید دوا
277	Kelp	وٹامن اور معدنیات سے بھرپور سمندری بوٹی جو کہ وزن کم کرنے میں بھی مؤثر ہے غدودوں کی سوجن اور گلٹیوں میں کار آمد ہے
278	Kreosotum	تیزابی اور بدبودار اخراجات چھوٹے چھوٹے زخموں سے خون کا بہت نکلنا اور بچوں کے دانت نکالنے کے عوارضات ہیں
279	Kurchi	نئی اور پرانی پیچش میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے، نقاہت اور کمزوری کا پایا جانا، ناف کے بائیں طرف کانٹا سا چبھے انول اور خون کا اخراج ہو معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے کھانا کھانے کے فوراً بعد حاجت کا ہونا
280	Lac caninum	علامات کا دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں کی طرف منتقل ہونا
281	Lacdefloratum	دودھ کا مزاج جبکہ دودھ سے مختلف تکالیف پیدا ہوں سر درد، قبض اور بڑی مقدار میں پیشاب کا آنا مخصوص علامات ہیں
282	Lachesis	نیند سے علامت میں اضافہ، جلد پر حس، کسی چیز کا چھونا تک ناقابل برداشت، علامات کا بائیں سے دائیں طرف جانا، اخراجات سے تکلیف میں کمی اور سوزش والی جگہوں اور زخموں وغیرہ کا نیلے رنگ کا ہو جانا
283	Lacticum acidum	ایام حمل کی قے اور ذیابیطس گھٹیا کا درد، پستانوں کی تکالیف آلات صوت کی ٹی۔بی
284	Lamium Album	آلات تناسل زنانہ اور آلات بول پر اس دوا کا خاص اثر ہے، چھاتی کا کینسر کمزوری، لیکوریا
285	Lapacho	کینسر

286	Laurocerasus	دل کی تکالیف کے ساتھ ردِ عمل کی کمی
287	Laurus Nobilis	ہسٹیریا، تمباکو نوشی بد ہضمی، جگر کی رگوں کی سختی
288	Lavandula Officinalis	ریاحی درد، بھوک کی کمی، قے خاص طور پر بچوں کے لئے
289	Ledum Pal	پرانی قسم کے جوڑوں کے درد، گٹھیا، پیروں کے تلوں اور ہڈیوں کی دکھن، نیچے سے اوپر کی طرف جوڑوں کی سوجن پاؤں کو سخت سرد پانی میں رکھنے سے آرام حانکہ مریض خود سردی محسوس کرتا ہے اور تیز نوک دار چیزوں سے زخم لگنا ہے
290	Lemna Minor	نزلہ اور زکام، ناک کی ہڈی کی سوزش
291	Leonurus Cardiac	اعصابی تناؤ سے فشار خون کا زیادہ ہو جانا دل کی دھڑکن کا تیز ہو جانا
292	Leptandra Virginica	جگر کے لئے مفید، جبکہ یرقان ہو، تارکول جیسے پاخانے آتے ہوں جگر میں خون کی گردش کمزور ہو
293	Leptonpermum	قبض، کھانسی، بخار، پیشاب رک کر بار بار تکلیف سے آتا ہو
294	Lerrea Maxik	نقرس، الرجی، اعصابی تناؤ اور بد ہضمی
295	Levisticum Officinale	منہ کا کینسر، نوبتی، ملیریا کا بخار، بد ہضمی (ٹانک بھی ہے)
296	Lichen Islandicus	پرانا نزلہ، ایگزیما
